Volume III
No. 13

SP-III-13-73(E)
400

THE

SENATE OF PAKISTAN

DEBATES

OFFICIAL REPORT

Saturday, the 22nd December, 1973

CONTENTS

		Pages
1.	Leave of Absense—	... 391—392
2.	Private Military Organisation Bill, 1973	... 392—~~462~~ 426

PRINTED AT : MAKTABA JADEED PRESS, LAHORE,
PUBLISHED BY THE MANAGER, PUBLICATIONS KARACHI

Price : Paisa 50

SENATE DEBATS

SENATE OF PAKISTAN

Wednesday, December 22, 1973

The Senate of Pakistan met in the National Assembly Chaamber (State Bank Building) Islamabad, at Three of the clock in the evening on Wednesday, December 22, 1973, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Chairman : First we take up leave application of Malik Nasrullah Khan. He has asked for leave for the remaining days of the session. Should the leave be granted to him ?

Members : Yes.

Mr. Chairman : No objection ?

Members : No.

Mr. Chairman : The leave is granted. The other gentleman is Mr. Zulfikar Ali Shah Jamote. He says due to some urgent personal commitment I shall be unable to attend the session and request leave from the House. Should the leave be granted to him ?

Members : Yes.

Mr. Chairman : Is there any objection ?

Memhers : No.

Mr. Chairman : The leave is granted. Now Mr. Abdul Hafeez Pirzada, Minister for Law, Parliamentary Affairs.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : I may be permitted to move on his behalf.

Mr. Chairman : Yes.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : Sir, I beg to lay before the Senate the following President's Orders, as required by clause (2) of Article 267 of the Constitution :

PAPERS LAID BEFORE THE HOUSE

(1) The Election to the Senate Order, 1973 (P.O. No. 8 of 1973).

(2) The Removal of Difficulties (Bar against Double Membership) Order, 1973 (P.O. No. 22 of 1973).

(3) The Removal of Difficulties (Sittings of National Assembly) Order, 1973 (P.O. No. 23 of 1973).

Mr. Chairman : The Minister for Home Affairs on behalf of Minister for Law and Parliamentary Affairs has laid before the Senate the following President's Orders, as required by clause (2) of Article 267 of the Constitution :-

PRIVATE MILITARY ORGANISATION BILL, 1973

Mr. Chairman : Now we take up legislative business. I think the first reading of this Bill was over the other day. Now we start with the second reading, clause by clause consideration of the Bill. Clause 2, power to declare organisation illegal. Mr. Shahzad Gul, you please move your amendment.

Members : He is not here.

Mr. Chairman : Mr. Shahzad Gul is not here in the House. So far as his amendment is concerned that lapse. The second gentleman is Khawaja Mohammad Safdar, Mr. Mohammad Hashim Chilzai, Haji Sayed Hussain Shah and Mir. Abdul Wahid.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, for the words "by notification published in the official Gazette, direct that the organisation shall stand abolished forthwith" occurring in the 5th and 6th lines the following be substituted, namely :
>
> "By notification published in the official Gazette, announce its intention of declaring the organisation to be illegal."

Mr. Chairman : Motion moved :

Yes, Mr. Home Minister you oppose it.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : Yes, I oppose it.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میرا مدعا اس ترمیم سے یہ ہے کہ جس تنظیم کو حکومت کے نقطۂ نظر سے قائم نہیں رہنا چاہیے - جس تنظیم کا وجود ملک کے مفاد میں نہیں ہے جس تنظیم کا برقرار رہنا حکومت کے نقطۂ نظر سے کسی صورت میں بھی جائز اور درست نہیں ہے کہ گزٹ میں ایک اطلاع نامہ شائع کرنے کے بعد کہ حکومت فلاں تنظیم کو ملک

کے مفاد کے منافی تصور کرتی ہے اور اس کے خلاف عملی اقدام کرنے والی ہے اور اس کو خلاف قانون قرار دیا جا رہا ہے اور اس وقت اس کلاز کی جو موجودہ صورت ہے وہ یہ ہے کہ حکومت نوٹیفیکشن کرے گی - اور اس تنظیم کے متعلق نوٹیفیکشن ہوتے ہی وہ ٹوٹ جائے گی اور اس کو منتشر کر دیا جائے گا - انھوں نے لفظ abolish استعمال کیا ہے - لیکن جناب والا ! اگر آپ بل کی پینل کلاز کا ملاحظہ فرمائیں - جس میں سزا تجویز کی گئی ہے - اس کے حصہ (الف) میں ہر وہ شخص جوکہ اس قسم کی تنظیم کا رکن ہو یا چندہ دینے والا ہو کسی طریقے سے بھی ان الفاظ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے -

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ Dictionary ساری ختم کر دی ہے - چھوٹی سے چھوٹی اطلاع بھی جو ہے وہ قابل مواخذہ ہی نہیں بلکہ میں کہونگا کہ مواخذہ بھی پانچ سال کی سزا اور اس کے علاوہ جرمانہ بھی - ایک شخص جو دیانتداری سے اپنے علاقے کی بہتری کے لیے- اپنے ملک کی بہتری کے لئے اپنی قوم کی فلاح کے لیے - اس ملک کے استحکام اور بقا کے لیے ایک تنظیم کے ساتھ منسلک ہو جاتا ہے - اس کی پیسے سے امداد کرتا ہے یا اس کی خیرخواہی چاہتا ہے - Inherint بھی لفظ استعمال کیا گیا ہے - اس کے ساتھ تعلق رکھتا ہے خواہ وہ کتنا ہی نام نہاد کیوں نہ ہو تو وہ شخص اس سزا کا مستوجب ہو جائے گا - اب ہو سکتا ہے کہ کئی باتوں میں اس ملک میں بسنے والے کئی لوگ حکومت کے کئی کاموں سے مخالفت کرتے ہیں - کئی دوست ایسے ہیں جن کو حکومت کی رائے سے بعض مسائل میں اتفاق نہیں ہے تو وہ تنظیم سے جو منسلک لوگ ہیں ان سے اگر حکومت کو کسی مسئلے میں اختلاف ہے تو انھیں notification کے ذریعے abolish تو کر دیا گیا - مجھے اس سے کوئی جھگڑا نہیں تھا - در اصل میں نے یہ ترمیم اس لیے کی ہے کہ آگے جو سزا تجویز کی گئی ہے - وہ اس مرحلہ پر بھی عاید ہو جائے گی - جو لوگ اس کے ساتھ منسلک ہوں گے - وہ اس سزا کے مستوجب قرار پائیں گے - انھیں پانچ سال جیل خانے کی ہوا کھانے کے لیے بھیجا جا سکتا ہے اس لیے میں نے اس Penal clause کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ تجویز کی ہے کہ جب تک لوگوں کو اطلاع نہ دی جائے کہ بھائی یہ کام غلط ہو رہا ہے - ہم اسے پسند نہیں کرتے - یہ ملکی مفاد میں نہیں ہے - جو لوگ تنظیم کو چھوڑ جاتے ہیں وہ کم از کم سزا سے تو بچ جائیں گے - اب تو اطلاع ہی نہیں - اگر میری تجویز کو مان لیا جائے کہ جو لوگ چھوڑ جائیں وہ سزا سے بچ جائیں گے - جو لوگ نہیں چھوڑتے اور اپنی ضد کے پکے ہیں - جو اپنے آپ کو درست اور صحیح سمجھتے ہیں جو سمجھتے ہیں کہ قوم کا مفاد اس میں ہے کہ ہم اس تنظیم سے وابستہ رہیں اور وہ سزا بھگتنے کے لیے اپنے آپ کو تیار پاتے ہیں تو ان کی اور بات ہے - لیکن ایک Innocent آدمی جو کہتا ہے اچھا جائے جہنم میں، مجھے کیا - میں علیحدہ ہو جاتا ہوں تو ایسے لوگوں کے لیے کچھ نہ کچھ تو Protection ہونی چاہیے - ان کا کچھ تحفظ ہونا چاہیے - اس طرح سے جس طریقے سے محترم وزیر داخلہ صاحب نے یہ کلاز (۲) تجویز کی ہے - اس کو رکھا جائے تو کوئی آدمی جو کہ حکومت سے ٹکر لینے کا خواہش مند نہ ہو وہ بھی نہیں بچ سکتا ہے - اس کو چھوڑو جس کا تصور ہو کہ جو میں کہتا ہوں وہ ٹھیک ہے - حکومت جو کہتی ہے وہ غلط ہے ٹکر لینے کے لیے تیار ہوں - خواہ پانچ سال سزا ہو جائے - وہ تو سمجھتے ہیں - لیکن جو ایسے اقدام کے لیے اپنے آپ کو تیار نہیں پائیں گے - اگر میری تجویز مان لی جائے جو اس ترمیم کے ذریعے سے ہے تو وہ اس تنظیم سے علیحدہ ہو جائیں گے - گورنمنٹ جب اس کو notify کرے گی کہ یہ abolish کر دی گئی ہے - جو لوگ notification کے بعد اس کے ساتھ رہیں گے وہ سزا کو invite کریں گے - گورنمنٹ کو قانون ایسا بنانا چاہیے جس سے innocent آدمیوں کو سزا نہ دی جا سکے اور حکومت کو اس طرح کا قانون استعمال کرنے کی اجازت نہ دی جا سکے کہ وہ بے گناہ لوگوں کو بھی پھنساتی پھرے -

Moulvi Zahoorul Haq : Now Sir I submit that amendment proposed by my friend Khawaja Safdar in addition to the reasoning given by him is also inconsonance with the law laid down by the highest courts of this country.

Mr. Chairman : Yes.

Moulvi Zahoorul Haq : I invite your attention Sir to the fundametal right No. 170 which says every citizen shall have the right to form Association or union subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of morality or public order. Now if an organization according to the satisfaction of the Government is in conflict with Article 256, Then, of course, he will also have no right under fundamental right 17, the principle which has been laid down by the law and by the Supreme Court is this that the principle of natural justice is to be read in every statute what my friend is actually is pressing is this that before declaration is made through a notification which insofacto automatically declares an organization illegal career the liability that whosoever is a member of that is liable to Punishment entailing imprisonment therefore I think it in the fitness of judicial prospects established by the courts, High Court and Supreme Court of this country, that before an organization is declared to be inviolation of Article 256 and he cannot form Association that organisation should be given an opportunity so that if that organization can explain the just ification and can explain that there is no conflict between function and the capability of the organization Article 256.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : Sir, there are two things.........

(Interruptions)

A Member : Sir, it is a repetition.........

Mr. Chairman : I will do my duty. Don't warry. I will see if there is any repetition, I will have discretion.

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے کہ time regulate ہو جائے تو اچھا ہے کیونکہ بہت سی amendments ہیں - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس کے بعد Mover اور Minister اگر دس دس منٹ بولیں تو ٹھیک ہے - لیکن باقی آدمیوں کے لیے پانچ منٹ ہوں تو اچھا ہو گا -

جناب محمد ہاشم غلزئی ! جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ اس کلاز کو شامل کر کے اس ایکٹ کو مارشل لاء بنا دیا گیا ہے اور مارشل لاء کے قوانین ایسے ہوتے ہیں کہ پہلے وہ سزا دیتے میں پھر مجرم کو کہتے ہیں کہ تم صفائی پیش کرو - ان کی عدالتی کاروائی نہیں ہوتی - سب سے پہلے اس کو گردن زدنی سے جیل میں ڈال دیتے ہیں - پھر صفائی کا بعد میں

موقعہ دیتے ہیں - میں یہ کہتا ہوں کہ یہ ملک مارشل لاء کے لیے نہیں بنا ہے - آپ قوانین جو بناتے ہیں تو ہر شہری کو مدنظر رکھیں اور ہر ایک شہری کو یہ حق دیں کہ اپنے الزامات کی صفائی پیش کر سکے - اگر وہ الزامات کی صفائی صحیح طرح سے پیش نہ کر سکے تو اسے Show cause notice دیا جائے - پھر بھی وہ صفائی پیش نہ کر سکے تو عدالت کو اختیار ہے کہ سزا دے لیکن پہلے سے ہی سزا کا فیصلہ کر لینا ٹھیک نہیں - یہ کہنا کہ ہم نے تو فیصلہ کر لیا ہے کہ آپ مجرم ہیں لہذا اب آپ صفائی پیش کریں اور اس میں وہ وہ لوگ جو کہ اس سے علیحدہ ہونے کی کوشش کریں گے - ان کو موقع ملے گا تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس دفعہ سے اس قانون کو مارشل لاء کی حیثیت دی گئی ہے - جس کو ہم آئین کی Spirit کے خلاف سمجھتے ہیں -

Moulvi Zahoorul Haq : Unilateral satisfaction by the Government without giving an opportunity to the persons who are going to be effected by it will directly hit the law laid down in the High Court Writ petition. Furthermore the word 'satisfaction' used in this Bill also does not contemplate subjective satisfaction. I support that the amendment be adopted as it will make the legislation procedure of this House a healthy one. We do not want to deprive the executive of their legitimate power, but certainly, I want that the rights and freedom of citizens should also be safeguarded if they are hit hy law.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : I would like to draw the attention of the House to Article 256 :

> No private organisation capable of functioning as a military organisation shall be formed, and any such organisation shall be illegal.

Constitution itself declares it to be illegal. Any person who is considered to be guilty will be prosecuted by the court. Then he will have the right of appeal right up to the Supreme Court. If we accept this amendment the very objective of this Bill will be defeated because this organization which has been nullified will have time to go underground. According to Article 199 every act of the executive can be challenged the very next day. We will set out reasons for declaring them illegal and that is sufficient notice and on that notice they can go to the High Court.

Mr. Chairman : I put the question.

The question is :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, for the words "by notification published in the official Gazette, direct that the organisation shall stand abolished forthwith" occurring in the 5th and 6th lines the following as substituted, namely :-
>
> "By notification published in the official Gazette, announce its intention of declaring the organization to be illegal.""

(The motion was negatived)

The amendment is rejected.

Chairman : Mr. Shahzad Gul.

Mr. Chairman : He is not in the House. His amendment lapses.

Mr. Chairman : Khawaja Mohammad Safdar move your amendment.

Khawaja Mohammad Safdar : I beg to move :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, the the words "shall stand" occurring in the 6th line be substituted by the word "stands."

Mr. Chairman : Motion moved :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, the words "shall stand" occurring in the 6th line be substituted by the word "stands".

Mr. Abdul Qaiyum Khan : I oppose it.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں صرف اس قدر عرض کروں گا کہ ٹھیک ہے کہ Law department میں قانونی ماہرین بیٹھے ہیں اور وہ قانون کی نوک پلک درست کرتے رہتے ہیں - لیکن Law department کا تیار کردہ بل یا قانون حرف آخر نہیں ہے - ہم نے دیکھا ہے کہ Law department کے تیار کیے ہوئے قوانین کو عدالتوں نے باہر پھیک دیا ہے - اس لیے قانون سازی کی drafting کا متن یا الفاظ اس ایوان کے فرائض میں شامل ہے - وزیر داخلہ کا یہ ارشاد کہ چونکہ Law department نہیں مانتا تو میں عرض کروں گا کہ سیدھی بات ہے آپ قانون اور زبان کے سلسلے میں بھی ماہر ہیں shall stand to be dissolved.—.

جناب عبدالقیوم خان : جی نہیں -

خواجہ محمد صفدر : انھوں نے اپنی مہارت سے بھی استعفیٰ دے دیا آپ ماہر نہیں تو میں ماہر بن جاتا ہوں اس لیے میں عرض کروں گا کہ یہ بالکل درست نہیں ہے - اس میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے - یہ لفظی ترمیم تھی لیکن اگر وہ نہیں مانتے تو ٹھیک ہے -

Mr. Chairman : Yes, Mr. Minister.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : I cannot oblige him.

Mr. Chairman : The question is :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, the words "shall stand" occurring in the 6th line be substituted by the word "stands".

(*Thc motion wasnegatived*)

Mr. Chairman : The amendment is rejected.

Mr. Chairman : Khawaja Safdar—there are so many amendments in your name—you can move them together and then you can speak on your amendments. Only one is left.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! صرف ایک رہی رہ گئی ہے -

Khawaja Mohammed Safdar : I beg to move :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, the word "abolished" occurring in the six line be substituted by the word "dissolved."

Mr. Chairman : Motion moved :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, the word "abolished" occurring in the six line be substituted by the word "dissolved."

Mr. Abrdul Qaiyum Khan : I oppose it.

Mr. Chaiman : I put it to the House. The question is :

> "That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, the word "abolished" occurring in the six line be substituted by the word "dissolved."

(*The motion was negatived*)

Mr. Chairman : The amendment is rejected.

Mr. Chairman : Now we come to a amendment No. 6 which is to sub-clause (2). of classe (2)

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, Sir, 6,7 and 8.

Mr. Chairman : If you do not feel any difficulty you move them together.

Khawaja Mohammad Safdar : There is no difficulty, Sir.

Mr. Chairman : Thank you very much for this cooperation.

Khawaja Mohammad Safdar : Mr. Chairman, Sir, I beg to move :

> "That the provisoh to sub-clause (2) of clause 2 of the Bill be deleted."

And then, Sir, 7. I beg to move :

[Khawaja Mohammad Safder]

"That after sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, the following sub-clauses be added, namely :-

"(3) Within seven days of the publication of the notification the Federal Government shall refer the case to the High Court having jurisdiction over the territory wherein the organisation, intended to be declared illegal, operates and if it operates in areas beyond jurisdiction of one High Court, then the High Court having jurisdiction over the Federal Capital. If the Federal Government fails to make such a reference the notification abolishing the organisation shall stand annulled.

(4) The Hight Court moved by the Federal Covernment shall immediately issue a show cause notice to the organisation sought to be affected by the notification and shall after giving to the Federal Government and the organisation concerned an opportunity of proving their respective positions, give a finding on the allegations made by the Federal Government.

(5) Upon the High Court finding that the organisation is capable of functioning as a military organisation and has acted in a manner which manifests its intention to function as a military organisation, it shall declare its continued existence as illegal."

(6) Any party adversely affected by the order of the High Court may appeal to the Supreme Court whose decision in appeal shall be final.

And No. 8, Sir. I beg to move......

Sardar Mohammad Aslam: Point of order Sir, No. 8 stands in the name of Mr. Shahzad Gul.

Khawaja Mohammad Safdar: All right, I do not move it.

Mr. Chairman: How reasonable the gentleman is. You brought to his notice and he has withdrawn.

The two amendments to sub-clause (2) of clause 2 of the Bill are :

Mr. Abdul Qaiyum Khan: I oppose this, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میری ان ترامیم کا مقصد یہ ہے کہ اس ملک کے بسنے والوں کے لیے اس قسم کا قانونی تحفظ انتظامیہ کی چیرہ دستیوں کے خلاف ہو کہ وہ اور ان کے جائز حقوق محفوظ رہ سکیں - ان دو ترامیم میں سے پہلی ترمیم کی غرض و غایت یہ ہے کہ جس تنظیم کے متعلق یہ حکم حکومت کی طرف سے جاری ہو کہ وہ قائم نہیں رہ سکتی اسے خلاف قانون قرار دیا جا چکا ہے یا اس کا وجود قانون کے نقطہ نظر گوارا نہیں کیا جا سکتا تو کم از کم حکومت پر یہ تو فرض عائد ہو کہ وہ وجوہات بیان کرے کہ کون سی وہ وجوہات تھیں ، کون سی وہ بنیادیں تھیں جس کی بناء پر notification جاری کیا گیا - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ محترم وزیر داخلہ نے سب کلاز ۲ میں اس بات کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے یہ تو لکھ دیا کہ خلاف قانون ہونے کی وجوہات بیان کی جائیں لیکن جس چیز کو انہوں نے ایک ہاتھ سے دیا اسے دوسرے ہاتھ سے چھین بھی لیا ، یعنی ساتھ ہی ایک Provison لگا دیا کہ اگر ہم چاہیں گے تو نہیں بتائیں گے - یہی قانون نہیں اس کے علاوہ بعض قوانین میں اور افسوس کی بات ہے کہ ہماری حکومت خواہ موجودہ ہو یا اس سے پہلے کی ہوں ، مجھے ان سب سے گلہ ہے - وہ وجوہات جن کا ذکر میں آئین میں کر رہا ہوں ، وہ وزارت داخلہ کے ایک سنیئر کلرک کو معلوم ہوں گی کہ فلاں تنظیم کو خلاف قانون قرار دینے کی وجوہات کیا ہیں - اس کے اوپر جائیے ہیڈ اسٹینٹ کو کو معلوم ہوں ، اس کے اوپر جائیے سپرٹنڈنٹ کو معلوم ہوں گی - اس کے اوپر چلئیے سیکشن آفیسر کو معلوم ہونگی ، ڈپٹی سیکرٹری ، جائنٹ سیکرٹری اور سیکرٹری کو تو معلوم ہوں گی - اس سے مراد کسی کی توہین یا ہتھک نہیں ہے - میرے دل میں ان کا بڑا احترام ہے - خواہ وہ کلرک ہو یا سیکرٹری ہو - اگر ان کو معلوم ہو سکتی ہیں تو پھر عدالت کو بتانے میں کیا حرج ہے - وہ تو ہائی کورٹ کے جج ہیں اور سپریم کورٹ کے جج ہیں - میں اس منطق کو آج تک نہیں سمجھ سکا یہ گلہ اس حکومت کے خلاف نہیں ہے ، اس سے پہلی حکومتوں کے خلاف بھی مجھے یہی گلہ رہا ہے اگر کوئی کلرک میرا دوست ہو تو مجھے یہ وجوہات معلوم ہو سکتی ہیں - آپ نے ملک کی سب سے بڑی عدالت سے چھپانے کی کوشش کی ہے - یہ دراصل سیدھی سی بات ہے - بیشمار ایسے قانونی فیصلے بھی ہو چکے ہیں اس قسم کی پابندیاں انسان کے حقوق پر ، ایک شہری کے حقوق پر ، کسی طرح سے برداشت نہیں کی جا سکتیں - میں نے اصلاح احوال کے لیے ان کی خدمت میں یہ عرض کیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ جو یہ قانون بناتے ہیں ، وہ خود اس قانون کی زد میں آ جائیں ہو سکتا ہے اور ایسا ہو جاتا ہے - اس لیے اس کو اس قسم کا قانون بنانا چاہیے کہ انہیں افسوس نہ ہو جب یہ ان پر وارد ہو - اصل بات یہ ہے کہ قانون بناتے وقت اپنے ذہن میں یہ تصور کرنا چاہیے کہ یہ قانون مجھ پر بھی وارد ہو سکتا ہے اگر یہ تصور ذہن میں ہوگا تو ہم اپنے بھائیوں کے اور عام آدمی کے بنیادی اور جائز حقوق غضب نہیں کریں گے - لیکن اگر یہ خیال اپنے ذہن میں ہو کہ جناب یہ تو دوسروں پر استعمال ہونا ہے میں تو زد میں آ ہی نہیں سکتا تو یہ خیال باطل ثابت ہو سکتا ہے اور اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ قانون اس قسم کا بن جاتا ہے جس سے ظلم و استبداد کی بو آتی ہے حضور والا! اس کے بعد میں نے یہ تین سب کلاز چار سب کلاز پر مشتمل ایک سب کلاز دو کی بجائے چار کلاز میں نے رکھی ہیں ، کہ ان پر غور کر لیا جائے اگر محترم وزیر داخلہ اتفاق فرمائیں - ان کو پسند فرمائیں تو ان کو ان میں شامل کر لیا جائے - بلکہ کلاز جو نئی میں نے تجویز کی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ notification کے سات دن کے اندر اندر حکومت ہائی کورٹ میں ایک استغاثہ دائر کرے گی کہ اس بنا پر ہم نے یہ notification کیا وجوہات بیان کرے گی - ہائی کورٹ دونوں فریقوں کو اطلاع کرے گی اور دیکھے گی کہ آیا حکومت کی کارروائی جائز ہے -

اور دوسرا فریق کوئی عذر۔ مناسب عذر پیش نہیں کر سکتا تو ہائی کورٹ حکومت کی اس کارروائی پر مہر تصدیق ثبت کر دے گی اور وہ جماعت خلاف قانون قرار دی جائے گی سیدھی سی بات ہے اس میں میرا خیال ہے کہ انہیں کوئی عذر نہیں ہوگا اور اگر کسی صورت میں سات دن کے اندر اندر حکومت بھول جائے اور ہائی کوٹ کو approach کرنا مناسب خیال نہ کرے تو وہ نوٹیفیکشن کالعدم قرار دیا جائے اور آخیر میں میں نے یہ بھی کہا ہے کہ جس پارٹی کے خلاف ہائی کورٹ فیصلہ کرے خواہ وہ تنظیم ہو۔ خواہ وہ حکومت ہو۔ اسے حق ہے کہ اس فیصلے کے خلاف اپیل کرے۔ اب فرمائیے اس تجویز سے کیا میں حکومت کے اختیارات کو کم کرنا چاہتا ہوں، یا اس قسم کے حقوق عوام کو دلانا چاہتا ہوں جو دنیا میں کسی کو حاصل نہیں ہیں؟ اور میں عام پاکستانی شہری کے لیے سارے حقوق مختص کر رہا ہوں۔ ایسا نہیں ہے۔ حکومت کو حق حاصل ہے کہ وہ جس تنظیم کو چاہے کالعدم قرار دے دے۔ اگر وہ کالعدم قرار دیتی ہے تو اس پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنے حکم پر ہائی کورٹ سے مہر تصدیق ثبت کرائے اور اگر نہیں کرا سکتی تو اس کا حکم باطل ہے اور اگر حکومت مہر تصدیق ثبت کرالیتی ہے تو وہ تنظیم ختم ہو جاتی ہے اور اگر ہائی کورٹ کا فیصلہ حکومت کے خلاف جاتا ہے تو حکومت سپریم کورٹ میں جا سکتی اور اگر اس تنظیم کے خلاف جاتا ہے تو وہ تنظیم بھی سپریم کورٹ میں جا سکتی ہے۔ سپریم کورٹ ہمارے ملک کی سب سے بڑی عدالت ہے۔ جو فیصلہ کرے گی وہ ان افراد کو اور اس تنظیم کو قبول کرنا چاہیے اور ہماری حکومت کو بھی قبول کرنا چاہیے میں ان گذارشات کے ساتھ عرض کروں گا کہ آخر وزیر داخلہ صاحب فرمائیں کہ جو لکھ دیا گیا ہے اس سے ادھر ادھر ہٹا نہیں جا سکتا ہے یہ تصور نہ کریں کہ یہ بائیں طرف سے ہے۔ اچھی کوئی بھی بات ہو اسے ضرور قبول کریں۔

جناب محمد ہاشم غلزئی: میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو کچھ تجویز کیا گیا ہے اس کی ضرورت اس لیے بھی ہے کہ ہمیں تجربہ ہے اور ہم کو اب بھی معلوم ہے کہ سب پرویژن یا دوسرے قوانین کے تحت جو موجودہ حکومت کر رہی ہے۔ لوگوں کو گرفتار کر کے ڈھک دیا جاتا ہے اور سالوں تک وہ جیلوں میں پڑے رہتے ہیں۔ وہ عدالتوں میں پیش ہی نہیں کیے جاتے۔ اب آپ کے سینٹ کے دو ممبر جیل میں ہیں ابھی تک ان کا بیان ہی نہیں ہوا۔ وہ عدالتوں میں جاتے ہی نہیں ہیں۔ اگر یہ مجوزہ ترمیم قبول کر لی جائے تو اس میں یہ تو واضح ہو جائے گا کہ جو اقدام حکومت نے کیا ہے۔ اس کی طرف سے جو implementaion agency پولیس وغیرہ ہے وہ کم از کم ایسے مقدمات کو عدالت میں جلد لے جائیں گے اور ان کی پیشی جلد ہوگی۔ یہ نہیں ہوگا کہ ایک آدمی دو سال جیل میں پڑا رہے اور تکلیف میں رہے۔ اس کو پیش ہی نہیں کیا جاتا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ اس کو تسلیم کیا جائے اور پولیس implementation agency کو مجبور کیا جائے کہ وہ گرفتاری کے بعد ادارے کے ذمہ دار عناصر کو یا افراد کو سات دن کے اندر عدالت میں پیش کرے اور ان کو موقع دیا جائے کہ وہ اپنی صفائی پیش کریں ایسا نہ ہو کہ مدعا علیہ دو سال تک جیلوں میں پڑے رہیں اور ان کا مقدمہ پیش بھی نہ ہو سکے تو میں عرض کروں گا کہ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ حکومت اس پر اعتراض کرے۔ انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر حکومت ایک قاتل کو موقع دیتی ہے کہ اپنی صفائی پیش کرے تو ایک تنظیم یا ادارے کو جس پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ وہ ملک دشمن ہے حکومت کے خلاف ہے تو اس کو بھی یہ موقع دینا چاہیے کہ وہ اپنی صفائی کم سے کم عرصے میں پیش کر سکے۔ تو ان الفاظ کے ساتھ میں درخواست کروں گا کہ اس ترمیم کو قبول کر لیا جائے۔

Mr. Chairman : Yes.

Mr. Abdul Qiayum Khan : I think the fears of the honable Leader of the Opposition and Khawaja Sahib are unfounded. Sir, first of all, the amendment about the proviso. Now let us look at that. It says that first of all the Federal Govermment may by Notification published in the official gazette direct that the organisation stands abolished forthwith. The very such notification shall specify grounds on which it is issued. So first of all, the notification will be issued in the official gazette and it shall state the grounds on which it is issued and the parties affected will know what are the grounds. Secondly they have taken exception that nothing in this requires the Federal Government to disclose any facts which it considers to be against the public interest to disclose. Now all that it says in the notification which we published and which is mandatory in which we had given grounds for declaring parties involved illegal. There might be some ground which it my not be in the public interest to publish. It has no where been stated that when the matter comes to a Court, the Judge will not be allowed to see the papers. Now my honourale friend must know there are organisations in the country which may have foreign links.

Which may have links with countries which are hostile to Pakistan and there may be some evidence connecting them with those foreign links. Now the question is there are international complications in giving publicity to all these things. Can these things be published in the official gazette, but there is no bar for the judge seeing that. We say that it may not be in the public interest to broadcast and publicise it at Chowk Yadgar or Mochi Gate or in the streets of Karachi but there is no bar for the judges seeing it if there is any thing which is against the interest of Pakistan to disclose.

Now Khawaja Sahib has said that these things can be known to a clerk, to a deputy secretary, to a section officers. Khawaja Sahib must know the mechanism and the way the Government works. There are documents which nobody can see except the addressee and the addressee in a case can be the Minister himself. Anybody who opens a document which is secret, which is addressed to a Minister and is in double enelopes with three seals he is liable to be punished and put in jail. Nobody from the bottom to the top can open such documents except the addressee. It may be that such cases may be dealt with by the Secretary who is a responsible officer, who has taken an oath of secrecy and if he violates the oath or the Minister violates the oath they are liable to be punished.

[Khawaja Mohammud Safder]

Now another objection was taken that this poor man will not in jail for years. In this connection let us see the provisions of the Constitution. Any man who is arrested the police will have to produce him before a Magistrate within 24 hours. So where is the apprehension of the Leadr of the Opposition that he will rot in jail for years. It is totally unfounded. Further there will be regular trial, there will be evidence recarded, there will becross examination then the evidence can be discussed, then there will be appeal. It will not be easy for the Government to secure a conviction of a person. The Leader of the Opposition should know that in our Constitution even when a person is detained under the Defence of Pakistan Rules, the Government is bound to give him the Show Cause Notice within seven days. Then the case is to be placed before a Review Board consisting of two or three judges. They have to scrutinise the case within one month and if they find that the of Government is not in conformity with the law they can set the man free. The Leader of the Opposition must know that the utmost limit upto which a person can be detained in jail is eight months. Is he not aware of the fact that people like General Yahya Khan and General Abdul Hamid have been set free by the Supreme Court because they had been detained for more than eight months. These are the provisions of the Constitution which are available to every one so why do you fear and raise unfounded doubts and apprehensions. In any casc a man cannot be detained in a lock up for more than 24 hours without being produced before a Magistrate. So all these fears are groundless, and have no basis.

Now I come to the one lengthy amendment suggested by my friend. They want us to go to the Court and not the aggrieved party while they can go to the High Court. There is Article 199 of the Constitution. Everybody is aware of it. The article says :

> "199. Subject to the Constitution, a High Court may, if it is satisfied that no other adequate remedy is provided by law-
>
> (a) On the application of any aggrieved party, make an order-
>
> (i) Directing a person performing, within the territorial jurisdiction of the Court, functions in connection with the affairs of the Federation, a Province or a local authority to refrain from doing any thing he is not permitted by law to do, or to do any thing he is required by law to ; or
>
> (ii) Declaring that any act done or proceeding taken within the territorial jurisdiction of the Court by a person performing functions in connection with the affairs

of the Federation, a Province or a local authority has been done or taken without lawful authority and is of no legal effect ;

So an aggrieved persen can go to a High Court the very next morning and if the act of the Feedral Government is not in consonance with law and if we have over-stepped the limit the High Court is there to set aside our order. Then under Article 185 they can go to the Supreme Court.

So we believe in the rule of law. It is enshrined in the Constitution of ours hence why this impression and apprehension that the Government is going to ignore these provisions of law. We believe in the rule of law and can anybody in this House deny that this Constitution over-rides this Bill. It over-rides every other law. This law is subject to the Constitution. Then Khawaja Sahib says that you go to the court. Why should the other party not go to the court. The aggrieved person can go to a court within an hour of the issue of an order. Every thing and every remedy is provided for. So I think that these amendments are just unnecessary and uncalled for.

Mr. Chairman : Now I will put the question.

The question before the House is :

"That the Proviso to sub-clause 2 of clause 2 of the Bill be deleted."

(*The motion was negatived.*)

Mr. Chairman : The question before the House :

That after sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, the following sub-clauses be added, namely :-

(3) Within seven days of the publication of the notification the Federal Government shall refer the case to the High Court having jurisdiction over the territory wherein the organization, intended to be declared illegal, operates and if it operates in areas beyond jurisdiction of one High Court, then the High Court having jurisdiction over the Federal Capital. If the Federal Government fails to make such a reference the notification abolishing the organization shall stand annullod.

(4) The High Court moved by the Federal Government shall immediately issue a show cause notice to the organization sought to be affected by the notification and shall after giving to the Federal Government and the organisation

[Mr. Chairman]

concerned an opportunity of proving their respective positions, give a finding on the allegations made by the Federal Government.

(5) Upon the High Court finding that the organization is capable of functioning as a military organization and has acted in a manner which manifestsits intention to function as a military organization, it shall declare its continued existence as illegal.

(6) Any party adversely affected by the order of the High Court may appeal to the Supreme Court whose decision in appeal shall be final."

(The motion was negaatived)

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اگر اپ اجازت فرمائیں تو ۱۰ منٹ کا وقت دیں تا کہ نماز پڑھ لیں ۔

جناب چیئرمین :- میں اجازت دیتا ہوں ، پہلے آپ سے reject کروا لوں ۔

خواجہ محمد صفدر :- جناب نماز کا وقت ہے ۔ میں نے نماز پڑھنی ہے ۔

جناب چیئرمین :- اس بارے میں میں دوسرے معزز ممبران سے رائے پوچھتا ہوں ۔

راؤ عبدالستار :- جناب والا ، نماز مغرب کا وقفہ ہونے والا ہے ۔ اکٹھے نماز کے لیے وقت دے دیا جائے ۔

سردار محمد اسلم :- جناب والا ! ۱۰ منٹ وقت نماز کے لیے دے دیا جائے کیونکہ یہ نماز کا معاملہ ہے ۔

Mr. Chairman : This ties you and not Khawaja Sahib. At what time you feel inclined to adjourn now.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : We have been sitting in the morning in the other House. This is not the only House that we have to attend.

Mr. Chairman : We are not having any session tomorrow or day after tmorrow.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : We have here a very long Bill, the Anti-State Bill. 26th is Wednesday. It is very difficult that when the Bill is about to be passed my friend wants adjournment.

خواجہ محمد صفدر :-

یہ ہو سکتا ہے کہ میں نماز پڑھنے نہیں جاتا - لیکن یہ بل آج رات پاس نہیں ہو گا -

سردار محمد اسلم : اتنی دیر میں انھوں نے نماز پڑھ لینی تھی -

A Member : Let us adjourn for 10 minutes.

Mr. Chairman : Then we meet at quarter to five.

خواجہ محمد صفدر :- بالکل ٹھیک ہے -

Mr. Chairman : We adjourn now to meet at 4.45.

(The Senater adjourned to meet ogain at 3.45, m. p.)

Mr. Chairman : Now Clause 2 has to be put to vote. I put Clause 2. Those who are in favour of this Clause may say ayes. Now Clause 2 will be debated. Naturally that will stand part of the Bill. Now Clause 2 stands part of the Bill.

Khawaja Mohammad Safdar : You will put this question to the House.

Mr. Chairman : The question before the house is : That Clause 2 stands part of the Bill. Those who are in favour may say ayes and those who are against it may say no. Clause 2 stands part of the Bill.

You move your amendment Clause 3, Khawaja Mohammad Safdar.

Khawaja Mohammad Safdar : I beg to move that Paragraph A of Clause 3 be deleted.

Mr. Chairman : The motion before the house is that paragraph (a) of Clause 3 be deleted. Why not you put other amendments also Amendment No. 10 as also amendment No. 11, Amendment No. 13 Sub-Clause (a). Clause 3, 9, 10 and 11 amendment moved amendment to these three together.

Khawaja Mohammad Safdar : In his part A, Sir, I beg to move that in para of Clause 3 of the Bill the words that in paragraph (a) of Clause 3 of the Bill, the words and commas, "or is a member or adherent, or takes part in the activities, of any such organisation" occurring in the 3rd and 4th lines, be deleted.

Mr. Chairman : You did not table any amendment.

Khawaja Mohammad Safdar. No. 12 is mine.

Mr. Chairman : This has to be moved. I will now put the question. You move your amendment No. 11.

Mr. Tahir Mohammad Khan : Not moved. I am not moving, Sir.

Mr. Chairman : Not moving. Mr. Abdul Nabi Khan.

Mr. Tahir Mohammad Khan : He is also not moving.

Mr. Chairman : Then your amendment.

Mr. Tahir Mohammad Khan : This is withdrawn.

Mr. Chairman : The motion before the house is that in paragraph (a) of clause 3 of the Bill, the words and commas, "or is a member or adherent, or takes part in the activities, of any such organisation" occurring in the 3rd and 4th lines, be delated.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میری تمام ترامیم کے تحت ایک اصول ہے اور اس اصول کی بنیاد پر میں نے یہ ترمیم بھی جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان میں پیش کی ہے وہ اصول یہ ہے جب تک کہ تنظیم کو خلاف ضابطہ اور خلاف قانون قرار نہیں دیا جاتا ہے ۔ اس وقت تک جو شخص تنظیم کے متعلق ہے ۔ وہ کسی جرم کا مرتکب نہیں کہلایا جا سکتا ہے ۔ میں جناب کی توجہ اس آئین کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ جس کے متعلق ابھی ابھی محترم وزیر داخلہ نے کہا تھا کہ ہم پاکستان کے آئین کے خلاف کوئی بات کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں ۔ موٹا اصول ہے کہ Criminal law کے جرم کے بعد سزا دی جاتی ہے ۔ جرم سے پہلے سزا نہیں دی جا سکتی ہے ۔ قانون یہ تقاضا کرتا ہے کہ اگر میں چوری کرتا ہوں تو پھر مجھے سزا دی جائے ۔ اگر میں نے چوری نہیں کی ہے اور اس کی مجھے سزا دی جائے یہ تو کوئی قانون نہیں ہے ۔ اس کو کوئی قبول نہیں کرتا ۔ اس لیے جناب والا ! آئین میں ایک دفعہ ہے اور اس میں یہ رکھا گیا ہے ۔ کہ کسی شخص کو زمانہ سابق سے کیے ہوئے فعل یا بات کے متعلق سزا کرتے ہیں ۔ جس کو Retrospectivecation criminal کہا جا سکتا ہے civil rights created کیا جا سکتا ہے ۔ civil rights محدود بھی کیے جا سکتے ہیں ۔ یہ Jurispmdence ہے

جہاں تک criminal کا تعلق ہے ۔ وہ زمانہ سابق سے کوئی ایسا قانون نہیں بنانا چاہتے ہیں ۔ جس میں یہ Provide کیا گیا ہے ۔

جناب والا ! آئین کی اس دفعہ کی طرف توجہ دلاتا ہوں جن کو مستثنیٰ رکھا گیا تھا وہ صرف Treason کا قانون ہے ۔ جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ ۱۹۶۵ء کے بعد جن لوگوں ، افراد یا جن جماعتوں نے آئین کی شقوں کی خلاف ورزی کی ہے ۔ یا اسے منسوخ کیا ہے ۔ یا اس ملک میں انقلاب برپا کیا ہے ۔ ان کے خلاف Treason ہے ۔ ایسا قانون بنانے کے لیے آئین میں یہ پرویزن رکھی گئی ہے کہ اس قسم کا اگر قانون بنا تو وہ Treason act بنا چکے ہیں ۔ اور اس لیے کوئی اور قانون ماسوائے Treason act کے اس میں provide نہیں کر سکتے کہ میں آج ایک فعل کرتا ہوں آج تو وہ جرم نہیں ہے کل آپ جب قانون بناتے ہیں تو اس میں اس قسم کا فعل جرم ہوتا ہے ۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں اور اس لیے وزیر داخلہ صاحب کی خدمت میں نہایت ادب سے درخواست کرتا ہوں

اور جناب والا ! آپ ذرا دفعہ نمبر 12 ملاحظہ فرمائیں اور یہ موجودہ کلاز ہے - جناب میں پڑھتا ہوں :-

"...No law shall authorise punishment (a) for an act of Commission that was not punishable by law at the time of the Act of Commission..."

اب فرمائیے کہ میں ایک Organization کا ممبر ہوں اور آپ جانتے ہیں کہ میں مسلم لیگ کا رکن ہوں - کل یہ notification سے فیصلہ کرتے ہیں کہ مسلم لیگ کے جتنے بھی رکن ہیں وہ مستوجب سزا ہیں اور اس کو کسی جرم کے متعلق پانچ سال سزا مل سکتی ہے - خواہ کوئی ممبر ہو - کوئی عہدیدار ہو تو پھر اس بات کے لیے تیار رہنا چاہیے کہ ہمیں پانچ سال سزا دے سکتے ہیں - اگر میں قصور وار ہوں تو ٹھیک ہے کہ مجھے سزا دی جائے -

لیکن جناب والا ! آرٹیکل نمبر ۱۲ آپ نے بنایا ہے - اس پر ذرا توجہ فرمائیں کہ جب میں نے کوئی جرم نہیں کیا لیکن اس کی سزا مجھے مل جائے - یا محض اس لیے کہ وہ تنظیم اچھی تھی یا بری تھی -

جو تجویز آپ کریں گے وہ قانون بن جائے گا - جو بھی سزا آپ تجویز کریں گے پانچ سال دس سال یا دس مہینے کریں - لیکن آج جب کہ میں ایک ایسی تنظیم سے منسلک ہوں جس کو کوئی قانون بھی خلاف ضابطہ قرار نہیں دیتا تو آپ مجھے کیسے سزا دے سکتے ہیں؟ میں جناب محترم وزیر داخلہ صاحب کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ دفعہ ۱۲ کی طرف توجہ فرمائیں اور پھر دیکھیں کہ آیا sub clause (a) جو ہے - دفعہ کو attract کرتی ہے - کیا یہ عدالت میں جا کر Article (a) کی وجہ سے کالعدم قرار نہیں پائے گی ؟

دوسری amendment میں میں نے اس کلاز کی سختی کو کم کرنے کی کوشش کی ہے - اب جناب والا ! اس میں کہا گیا ہے - Forms تنظیم بنانے والا ، organizes منظم کرنے والا ، trains تربیت دینے والا ، equips سوٹے ڈنڈے سے مسلح کرنے والا ، خواہ محض اس کو وردی دی جائے اور Private organization capable of functioning or is a Member adhorent.

یعنی اس کا شخصی یا کوئی دور کا تعلق ہو adhere کرتی ہے - تعلق دور کا ہے یا نہیں اس کا کوئی organizer ہے - یا اس کو بنانے والا ہے یا اس کا رکن بھی نہیں ہے - صرف adherent ہے - یعنی جناب والا ! کوئی پرانا مسلم لیگی ہے - وہ باقاعدہ رکن نہیں ہے ممبر نہیں ہے - اس قسم کی تنظیم سے لا تعلق ہے - میں اپنی جماعت کی مثال دیتا ہوں - لیکن ان سے بات کی جائے تو وہ کہتے ہیں کہ میں مسلم لیگ کا نام لیوا تھا - ممبر نہیں تھا - وہ آج بھی مسلم لیگ کی Idealogy کی adherent کرتا ہے - کیا وہ بھی سزا کے قابل مواخذہ ہے - الفاظ یہ ہیں - Or is a member, or adherent or takes part in the activities of any such organization. جو لوگ اس قسم کی organization کو organize کرتے ہیں ، منظم کرتے ہیں ، اس کو equip کرتے ہیں - اس کو training دیتے ہیں - ان کو قابل مواخذہ سزا ہے - ان گذارشات کے ساتھ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا - میں پہلی بات پر زیادہ زور دینا چاہتا ہوں -

Mr. M. Zahurul Haq : Mr. Chairman sir, may I have the permission to speak on this? In support of the observations of my learned friend, Khawaja Sahib, I think the basic confusion in clause 3 (a) and (b) is this, that the framers of the law have confused preventive actions with punitive actions. Clause 3 (a) is preventive, it contemplates that in future things like that should not happen, whereas the punishment is a punitive thing. A distinction between offence committed under the ordinary law and preventive proceedings is there like the Defence of Pakistan Rules. A man who is indulged in prejudicial activities or likely to indulge in prejudicial activities is detained under the preventive provisions. He is not tried and he is not found guilty, and then given the punishment. This is a basic fallacy with this provision, that 3 (a) is preventive. How can there be a punishment in terms of imprisonment as a result of finding him Guilty? I appeal to your judicial experience, Sir, that this is a very valid argument of my learned friend. Coupled with that, I submit that 3 (a) is proventive. How can a man be given three years' R.I. and a fine if he is likely to form an organisation which is likely to be hit by Article 256 and the corresponding law under contemplation? Sir, they cannot be reconciled together. Therefore, if the law, the Bill under discussion is proposing a punishment of imprisonment of fiive years, it is for those cases which have been declared through a notification, then the members of that organisation have been proved to be connected with that, and then they have been found guilty and they will be given 5 years' imprisonment. How can a person be got hold of under (a)? Therefore, in addition to the retrospection part referable to fundamental rule 10. 12, I would also submit that there is a basic lack of understanding on the part of the draftsmen as far as (a) and (b) are concerned. (a) cannot function and as a matter of fact it will create such a confusion at the time of trial. How to convict a person under (a)? There is no notification; prior to the notification there was no organisation. So I submit that in support of the amendments, I appeal to the learned Minister for Interior with his legal acumen and knowledge, to concede on the point and allow this amendment and of course they can have the preventive law also for the organisations which are hit by Article 265.

Mr. Chairman : Yes, honourable Minister.

Mr. Abdul Qaiyum Khan : Sir, I have heard to the arguments of two very learned and experienced and talented lawyers. The first contradiction in their arguments is that while Khawaja Mohammad Safdar said that this is hit by the provision that it punishes acts which had been done before this law comes into force, that is retrospective. He agrees with me that I have

